Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۸ فروری سنہ ۱۹۲۱ء | جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ الاونس قایم مقام جج صاحب خفیفہ	۱
۲	اضافہ کلرک تعمیرات	۱
۳	اضافہ مع عہدہ ہیڈ کانسٹبل پولیس	۱و۲
۴	تقرر سجاد حسین امیدوار	۲
۵	تقرر سید خورشید علی	״
۶	اضافہ مع عہدہ کلارک پولیس	״
۷	مستقلی سب انسپکٹر پولیس	״
۸	رخصت محافظ دفتر فوجداری	״
۹	موقوفی مختاران عام	״
۱۰	تبادلہ جات اہلکاران کارخانہ جات	״
۱۱	نقشہ حیات ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۴ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

منشی ضیاء احمد خان قائم مقام جج خفیفہ کے الاونس میں دس روپیہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔

۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ایگزیکٹو انجنیر مصدقہ صاحب ہوم سکریٹری بہادر گنج بہادر لال کلرک تعمیرات کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ بسلسلہ بچت تنخواہ محمود احمد خان نائب پیشکار برخاست شدہ منظور فرمایا گیا۔

۲۱ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعا صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سید احمد علی سب انسپکٹر کی تنخواہ سے

وس روپیہ ماہوار بوجہ تبدیل ہوجانے سررشتہ کورٹ کم کئے گئے ۔ اور وس روپیہ ماہوار اضافہ سید ضامن علی ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار منظور فرماکر سب انسپکٹر مقرر فرمایا گیا ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۱۹ فروری ۱۹۲۱ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ بجائے رفیع الدین خان ہیڈ کانسٹبل متوفی سجاد حسین امیدوار کا تقرر مشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار بعہدہ ہیڈ کانسٹبل منظور ہوا

۱۹ فروری ۱۹۲۱ء

بشارۂ حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم ۔ سید خورشید علی کا تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبلی زائد از ٹول بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار منظور کیا گیا ۔

۱۹ فروری ۱۹۲۱ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس حبیب الرحمن خان کلارک بمشاہرہ نو روپیہ ماہوار کو تین روپیہ ماہوار اضافہ دیکر بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل مستقل کیا گیا ۔

۲۰ فروری ۱۹۲۱ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ علی جواد سب انسپکٹر جو امتحانا ایک سال کے واسطے باضافہ پانچ روپیہ ماہوار بجائے حمید اللہ خان سب انسپکٹر برخاست شدہ مقرر ہوئے تھے ختم میعاد کے بعد مستقل کئے گئے ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۱ فروری ۱۹۲۱ء

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ ضلع ۔ رخصت مزید پندرہ یوم عزیز اللہ خان محافظ دفتر فوجداری بوجہ علالت ۱۹ فروری سے بکارگذاری نائب محافظ دفتر فوجداری منظور ہوئی

موقوفی مختاران عام

۲۳ فروری ۱۹۲۱ء

حسب تصدیق رجسٹرار صاحب عدالت بربنائے درخواست دوست محمد خان ولد سید محمد خان ساکن محلہ باغ بچی اینٹ بسمیان تفضل خان ولد گلن خان و حمید اللہ خان المعروف حبیب اللہ خان مختاران عام کو مختار عام اعلیٰ وعلیحدہ کیا گیا

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

واقع ۱۰ فروری ۱۹۲۱ء

حسب مصلحت انتظامی و تجویز صیغہ دار صاحبان نسبت تبادلہ اہلکاران حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے ۔

۱- منشی منور شاہ صاحب اصطبل مشاہرہ دار بیس روپیہ حسب درخواست افسر صاحب باغات اصطبل سے منشی افسر صاحب باغات میں تبدیل کئے جائیں ۔

۲- حافظ فدا احمد صاحب پیشکار افسر صاحب محلات معلی مشاہرہ دار سولہ روپیہ ماہوار اپنی موجودہ تنخواہ پر پیشکار اصطبل مقرر کئے جائیں ۔

۳- حبیب الرحمن خان محرر پاندان خانہ وغیرہ بجائے حافظ فدا احمد صاحب پیشکار افسر صاحب محلات معلی مقرر کئے جائیں ۔ ۴- کنج بہاری لال محرر فیلخانہ مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار منشی پیادگی محمد شفیع اللہ صاحب میں تبدیل ہوں ۔ اچھا کام کرنیکی حالت میں انکی ترقی پر غور کیا جائیگا ۔ پیگاہ خالی سے انکے پاس ایک جدید محرر مامور کیا جائیگا حکم صادر ہو جو شامل ہے ۔ ۵- سلامت اللہ خان روزنامچہ نویس فتر مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار بجائے حبیب الرحمن خان محرر پاندان خانہ تبدیل ہوں ۔ ۶- سید نوشہ علی نقل عرائض نویس سلامت اللہ خان کی بجائے روزنامچہ کی خدمات انجام دیں ۔ ۷- عبدالرزاق خان محرر ڈیوڑھیات مشاہرہ دار دس روپیہ ماہوار بجائے سید نوشہ علی نقل عرائض نویس سررشتہ مقرر ہوں ۔ ۸- سید مصطفےٰ حسین محرر نیلام مشاہرہ دار چودہ روپیہ ماہوار بجائے عبدالرزاق خان محرر ڈیوڑھیات تبدیل ہوں ۔ ۹- احمد رضا خان ٹولیدار اصطبل بجائے سید مصطفےٰ حسین محرر نیلام مقرر کیا جائے جسکی بارہ روپیہ تنخواہ ہے ۔ ۱۰- سید محبوب علی تحویلدار خاصہ مشاہرہ دار سولہ روپیہ ماہوار اہلمد تیاری وردی کی خدمات پر تبدیل ہوں ۔ ۱۱- رام سروپ جو سردست باغات وغیرہ کا کام انجام دیرہے ہیں ۔ بجائے کنج بہاری لال محرر فیلخانہ تبدیل ہوں ۔ ۱۲- سعادت علی خان اہلمد شاگرد پیشہ بجائے احمد رضا خان ٹولیدار اصطبل مقرر کئے جائیں یہ ایک اور موقعہ انکو دیا جاتا ہے ۔

۱۳- اسمٰعیل خان تحویلدار باورچیخانہ انگریزی بجائے سید محبوب علی تحویلدار خاصہ مقرر کیا جائے بارہ روپیہ انکو مشاہرہ ملتا ہے ۔ بدستور ملیگا ۔

۱۴- محمد یونس خان تحویلدار ظروف باورچیخانہ انگریزی معاون تحویلدار خاصہ باورچیخانہ ہندوستانی مقرر کیا جائے ۔ یونس خان نے جو استعفا دیا تھا حسب رائے جناب مہتمم صاحب خاص استعفا انکا منسوخ کیا جائے ۔ ۱۵- فصیح اللہ خان معاون تحویلدار باورچیخانہ انگریزی اصل تحویلدار باورچیخانہ انگریزی بجائے اسمٰعیل خان مقرر کیا جائے ۔ دس روپیہ آٹھ آنے تنخواہ ہے ۔ ۱۶- سید احسان علی معاون تحویلدار خاصہ باورچیخانہ ہندوستانی مشاہرہ دار دس روپیہ آٹھ آنہ ماہوار معاون تحویلدار باورچیخانہ انگریزی مقرر ہوں ۔ ہر شخص بعہدہ حکم اپنی اپنی جائے پر پہنچکر چارج لے ۔ ہر اہلکار اسی صیغہ کی موجودہ تنخواہ پائیگا جس صیغہ میں وہ تبدیل کیا گیا ہے ۔ البتہ حبیب الرحمن خان محرر پاندان خانہ جو منشی افسر صاحب محلات معلی میں مقرر ہوا ہے بلحاظ ماہوار الاونس نازمانہ کارکردگی منشی پائیگا ہوا سوائے اہلکاران باورچیخانہ جات تبادلۂ امتحانا تین مہینہ کیواسطے ہوگا بعد ختم مدت امتحانی ہر صیغہ کی رپورٹ کارکردگی آنی چاہئے ۔ جنرل سیاہہ کا کام جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص تا خالی ہونے اسامی زائد محرر ۶۱ ہر خانہ کو عارضی طور پر ناظر سررشتہ یا جس اہلکار کو مناسب تصور فرمائیں لیں

حکم ہوا کہ

حکم صدر سے احکام بلالحاظ تعطیل کے جاری ہوں ۔

(دستخط)

نقشہ نرخنامہ اجناس من ابتداء ۲۱ لغایت ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۱ء ریاست رامپور

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ ۰ ار ۵ ۰ ار		[illegible]	۵ ار	[illegible] ار	۶ ار	
نخود خالص	۵ ار		۵ ۰ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ۰ ار	
نخود کسہ آمیز	۶ ۰ ار		۶ ۰ ار	۶ ار	۶ ۰ ار	۶ ار	
کسہ	۷ ار		۷ ار	۶ ۰ ار	۷ ار	۶ ار	
ماش	۵ ۰ ار		۵ ار	۴ ۰ ار	۵ ار	۵ ار	
مونگ	۴ ار ۴ ۰ ار		۴ ۰ ار	۴ ار	۵ ار	۵ ار	
مکا	۷ ار		۶ ۰ ار	۷ ار	۸ ار	۷ ار	
جئی	۰		۰	۸ ۰ ار	۰	۹ ار	
گوجئی	۹ ار		۰	۰	۷ ار	۷ ار	
مسور			۰	۰	۷ ار	۶ ار	
ارہر	۶ ار ۶ ۰ ار		۰	۰	۷ ار	۶ ار	
برنج	۳ ۰ ار [illegible]		۳ ار	۳ ۰ ار	۳ ۰ ار	۵ ار [illegible]	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک [illegible] چھٹانک		۰ ار [illegible]	۰ ار	۲ ار	[illegible]	
روغن سیاہ	۱ ۰ ار		[illegible] ار	۱ ۰ ار	[illegible] ار	۱ ۰ ار	
روغن کنجد	۱ ۰ ار		[illegible] ار	[illegible] ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ۰ ار		۱۰ ار	۸ ۰ ار	۹ ۰ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری	۵ ۰ ار		۶ ار	۵ ار	۹ ار	۷ ار	
قند سیاہ	[illegible]		[illegible]	[illegible]	۳ ۰ ار	۲ ۰ ار	
[illegible]			۲ ار	۰	۲ ار	۲ ۰ ار	

[illegible]

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں سے	واقعات	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۴	۹	۱۸	۶	۵۷	۴۲	۱۵	۶	۸	۴	۱	۲۸	۲۴	۳۸	۳۳	[illegible]	۱۷	۰	۱	۰	۷۰	۰	۰	۰	۷۱	
گنج	۱۶	۶	۱۳	۰	۳۵	۲۹	۶	۱۰	۳	۱	۰	۱۵	۲۴	۱۶	۲۷	۲۱	۳	۰	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۳	
حوالی شہر	۶	۸	۱۴	۷	۳۵	۲۰	۱۵	۴	۲	۲	۴	۲۶	۱۵	۳۵	۲۱	۲۵	۳۱	۰	۲	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۶	
عظیم نگر	۲۷	۱۴	۲۳	۲۰	۸۴	۵۰	۳۴	۸	۴	۸	۰	۴۱	۱۲۵	۵۷	۳۹	۵۲	۴۴	۰	۰	۰	۹۶	۰	۰	۰	۹۶	
شاہ آباد	۱۸	۶۷	۱۹	۶۰	۱۶۴	۳۷	۱۰۷	۱۲	۱۳	۶	۳	۶۵	۳۶	۸۵	۵۲	۴۸	۸۹	۰	۲	۰	۱۳۵	۰	۰	۰	۱۳۷	
پشوائی	۱۴	۳۴	۱	۲۹	۷۸	۱۵	۶۳	۱۳	۵	۳	۰	۴۴	۳۸	۶۰	۴۳	۲۲	۸۱	۰	۰	۰	۱۰۳	۰	۰	۰	۱۰۳	
ملک	۶	۵۰	۶	۴۷	۱۰۹	۱۳	۹۷	۸	۱۵	۵	۳	۶۷	۹۷	۸۹	۸۵	۲۳	۱۵۱	۰	۰	۰	۱۷۴	۰	۰	۰	۱۷۴	
بلاسپور	۱۲	۱۱	۷	۸	۳۸	۱۹	۱۵	۴	۵	۳	۴	۴۵	۲۴	۵۲	۳۳	۴۲	۴۳	۰	۰	۰	۸۵	۰	۰	۰	۸۵	
کیمری	۹	۱۲	۹	۶	۳۶	۱۸	۱۸	۹	۶	۴	۱	۴۲	۳۳	۵۵	۴۰	۲۰	۷۵	۰	۰	۰	۹۵	۰	۰	۰	۹۵	
سوار	۳۵	۲۷	۴۳	۳۳	۱۱۸	۵۸	۶۰	۱۵	۲۱	۶	۱۳	۹۷	۵۴	۱۱۸	۸۷	۱۳۸	۶۷	۰	۰	۰	۲۰۵	۰	۰	۰	۲۰۵	
ٹانڈہ	۳۴	۱۹	۱۱	۸	۸۰	۵۴	۲۶	۱۴	۱۲	۵	۴	۵۷	۲۸	۷۵	۴۴	۷۱	۴۸	۰	۰	۰	۱۱۹	۰	۰	۰	۱۱۹	
میزان	۳۰۱	۲۳۷	۱۵۰	۲۰۱	۸۱۲	۳۵۱	۴۶۱	۹۷	۹۴	۷۰	۷۳	۵۳۷	۲۷۸	۴۸۱	۵۰۴	۵۳۷	۶۴۸	۰	۵	۰	۱۱۸۰	۰	۰	۰	۱۱۸۵	